© rasailojaraid.com

# اخبار الجامعة والجماعة

## جامع مسجد العزیز اہل حدیث شمالی محلّہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 2 دسمبر بروز ہفتہ بعد نماز عشاء جامع مسجد العزیز اہل حدیث برلب دریا شمالی محلّہ میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر زیر صدارت نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) منعقد ہوا۔ جلسہ کا آغاز قاری عبدالقہار امام مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث کی تلاوت سے ہوا، حمد ونعت جامعہ کے طالب علم حافظ ذوالقرنین اور میاں انیس ادریس نے پیش کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ جلسہ سے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی، پروفیسر حافظ عبدالستار حامد امیر مرکزیہ پنجاب اور مولانا بہادر علی سیف خطیب سمندری نے خطاب کیا۔ پروگرام کے آخر میں سیٹھی محمد ارشد، قاری ممتاز احمد اوران کے رفقاء نے شرکاء کی ضیافت کی۔

## جامع مسجد محمدی اہل حدیث محمدی چوک میں توحید وسنت کانفرنس

مورخہ 5 نومبر بروز اتوار جامع مسجد محمدی اہل حدیث محمدی چوک میں دوسری سالانہ عظیم الشان توحید وسنت کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز قاری محمد ابراہیم متعلم جامعہ کی تلاوت سے ہوا۔ حمد ونعت جامعہ کے طالب علم حافظ ذوالقرنین نے پیش کی۔ کانفرنس سے مولانا نوید احمد بشار، نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) اور مناظر اسلام حضرت مولانا محمد عمر صدیق (گوجرانوالہ) نے خطاب کیا۔ پروگرام کے آخر میں مولانا رضوان احمد محمدی اوران کے رفقاء نے مہمانوں کی ضیافت کی۔

## وفیات

### قاضی شکیل احمد (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 17 نومبر بروز جمعہ قاضی شکیل احمد کے والد قاضی عبدالاول وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com